2025-08-17

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج قومی راجدھانی میں، شاہراہوں کے دو پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، جس پر 11 ہزار کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔

2- آج شام نئی دلّی میں، BJP کے پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ منعقد ہوگی۔ امید ہے کہ نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے لیے کسی امیدوار پر تبادلۂ خیال کیا جائے۔

3- بھارتی خلا نوَرد شبھانشو شکلا، بھارت واپس آگئے ہیں۔ دلّی ہوائی اڈّے پر اُن کا شاندار مقدم کیا گیا۔

4- بھارت کے، انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ انتخابی فہرستیں تیار کرنے میں انتہائی شفافیت برقرار رکھی گئی ہے۔ سیاسی پارٹیاں ہر مرحلے میں شامل رہی ہیں۔

5- بھارت کی، الیکٹرانکس کی برآمدات میں رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران 47 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، جو پچھلے سال کی اسی سہ ماہی کے مقابلے ہے۔

6- اور بیڈمنٹن میں، بھارت کی تانیا ہیمنت نے، شمالی Mariana جزائر میں Saipan انٹرنیشنل 2025 کا، خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Delhi Projects

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں قومی شاہراہوں کے دو بڑے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ یہ پروجیکٹ، دوارکا ایکسپریس وے اور اَربن ایکسٹینشن روڈ سیکنڈ UER-II ہیں۔

اِس موقع پر وزیر اعظم اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Saklen Akhtar

اِن پروجیکٹوں کو، حکومت کے اُس جامع منصوبے کے حصے کے طور پر تیار کیا گیا ہے، جس کا مقصد قومی راجدھانی سے ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کو کم کرنا ہے۔ اِن پروجیکٹوں سے کنیکٹی وِٹی میں بہتری اور سفر کے وقت میں کمی آئے گی، دلّی اور اُس کے آس پاس کے علاقوں میں گاڑیوں کی آمدورفت میں سہولت پیدا ہوگی۔

دوارکا ایکسپریس وے کے، 10 اعشاریہ ایک کلو میٹر طویل دلّی سیکشن کو 5 ہزار 300 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ اِس سیکشن سے، یَشو بھومی، DMRC کی بلو اور اورینج لائنوں، آئندہ بِجواسن ریلوے اسٹیشن اور دوارکا کلسٹر بس ڈِپو تک، کثیر رخی کنیکٹی وِٹی فراہم ہوگی۔

UER-II کا، علی پور سے Dichaon Kalan تک کا راستہ، جس میں بہادر گڑھ اور سونی پت تک کے نئے راستے بھی شامل ہیں، تقریباً 5 ہزار 580کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ اِس سے دلّی کے اندرونی اور باہری رِنگ روڈ پر اور مُکربا چوک، دھولا کنواں اور قومی شاہراہ نمبر 9 جیسے بھیڑ بھاڑ والے مقامات پر گاڑیوں کی آمدورفت میں سہولت پیدا ہوگی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے قومی راجدھانی خطّے میں بنیادی ڈھانچے کو اور زیادہ فروغ دے کر شہریوں کی زندگی میں مزید آسانی لانے کے حکومت کے عزم کو دوہرایا۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

## BJP Parliamentary Board

امید ہے کہ BJP کے پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ آج نئی دلّی میں پارٹی صدر دفتر میں منعقد ہوگی۔ بورڈ کے سبھی ارکان میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ امید ہے کہ اِس میٹنگ میں نائب صدر جمہوریہ کے انتخابی امیدوار پر بات چیت کی جائے گی۔

اِس مہینے کی 6 تاریخ کو برسرِ اقتدار قومی جمہوری اتحاد NDA کے رہنماؤں نے ایک قرارداد، متفقہ طور پر منظور کی تھی، جس میں وزیر اعظم نریندر مودی اور BJP صدر جگت پرکاش نڈّا کو، نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے لیے NDA امیدوار کو قطعی شکل دینے کا اختیار دیا گیا تھا۔

NDA کو لوک سبھا اور راجیہ سبھا سمیت، پارلیمنٹ میں بھرپور اکثریت حاصل ہے۔

نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے لیے کاغذاتِ نامزدگی جمعرات تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔×

## Astronaut Shukla Return

بھارت کے خلائی ہیرو گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کا آج صبح سویرے دلی کے بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر ان کی آمد پر گرمجوشی سے خیر مقدم کیا گیا۔ ہوائی اڈّے پر مرکزی وزیر

ڈاکٹرجتیندر سنگھ، دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا اور اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائن نے اُن کا استقبال کیا۔

شبھانشو شکلا نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جانے والے پہلے بھارتی ہونے کے ناطے تاریخ رقم کی ہے۔ وہ اپنے کامیاب خلائی مشن کے بعد زمین پر آب و ہوا کی مناسبت سے خود کو ڈھالنے کے لیے امریکہ میں تھے۔

جناب شکلا نے ناسا کے Axiom-4 مشن میں پائلٹ کی ذمہ داری نبھائی تھی، مشن کا آغاز اس سال 25 جون کو فلوریڈا میں Kenney خلائی مرکز سے کیا گیا تھا۔

مشن کے دوران، انھوں نے خلا کے شعبے میں سائنسی تحقیق کو آگے بڑھانے کے مقصد سے مائیکرو گریویٹی کے تعلق سے کئی اہم تجربات کیے۔

جناب شکلا بھارت کے پہلے انسانی خلائی پرواز مشن گگن یان کے لیے چنے گئے خلانوردوں میں شامل ہیں، جسے اگلے سال کے آخر میں خلا میں بھیجا جائے گا۔x

## EC Electoral Rolls

بھارت کے انتخابی کمیشن ECI نے کہا ہے کہ قانون، اصولوں اور رہنماء خطوط کے مطابق چناؤ فہرستوں کو تیار کرنے عمل میں انتہائی درجے کی شفافیت، ایک امتیازی خاصیت ہے۔ ایک بیان میں انتخابی کمیشن نے کہا کہ چناؤ فہرستیں تیار کرنے کے ہر مرحلے پر، سیاسی پارٹیاں شامل رہی ہیں، جو کئی مرحلوں پر مشتمل عمل ہے۔

ایک رپورٹ

V/C - Reetu

ECI نے اُن سیاسی پارٹیوں اور افراد پر تنقید کی ہے، جنہوں نے پچھلے انتخابات کی چناؤ فہرستوں میں مبینہ غلطیوں پر تشویش ظاہر کی ہے۔ انتخابی ادارے نے کہا کہ چناؤ فہرستوں کے بارے میں کسی بھی معاملے پر بات کرنے کا صحیح وقت، دعووں اور اعتراضات کے دوران کا وقت تھا، جو سبھی پارٹیوں اور امیدواروں کو چناؤ فہرستیں دکھانے کا وقت تھا۔ انتخابی کمیشن نے وضاحت کی کہ اس طرح کے کچھ معاملات کو مقررہ وقت کے اندر اندر اٹھایا جاتا، تو اِن کی جانچ پڑتال کی جا سکتی تھی اور اگر یہ معاملات جائز ہوتے، تو انتخابات سے پہلے پہلے انتخابی رجسٹریشن افسران اِن کی تصحیح کر دیتے۔

کمیشن نے یہ بھی کہا کہ بہت سی سیاسی پارٹیاں اور اُن کے بُوتھ سطح کے ایجنٹس موزوں وقت کے اندر اندر، چناؤ فہرستوں کے مسودے کا جائزہ لینے میں ناکام رہے اور انہوں نے کوئی اعتراض ظاہر نہیں کیا۔

ریتو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

Nagaland Governor

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے منی پور کے گورنر اجے کمار بھلّا کو ان کے اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ ناگالینڈ کے گورنر کے فرائض بھی انجام دینے کی ذمہ داری سونپی ہے۔

راشٹرپتی بھون سے جاری ایک بیان کے مطابق، ناگالینڈ کے گورنرLa.Ganesan کے انتقال کے بعد صدر جمہوریہ نے جناب بھلّا کو ناگالینڈ کا گورنر مقرر کیا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Goyal Electronics Export

کامرس اور صنعتوں کے محکمے کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ مالی سال 26-2025 کی پہلی سہ ماہی کے دوران بھارت کی الیکٹرانکس برآمدات میں گذشتہ سال کی اِسی مدت کے مقابلے 47 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب گوئل نے کہا کہ یہ 'میک اِن انڈیا' کی کامیابی کی ایک خوش آئند داستان ہے، جس کی بدولت الیکٹرانکس سامان تیاری میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اِس طرح یہ 15-2014 سے شروع ہونے والی دہائی میں 31 ارب ڈالر سے بڑھ کر 133 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ سرکار نے مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بھارت کو آتم نربھر بنانے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں اور ادارے قائم کئے ہیں۔x

Jaishankar Korean FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل نئی دلّی میں جنوبی کوریا کے اپنے ہم منصب Cho Hyun کے ساتھ دوطرفہ میٹنگ کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے نتیجہ خیز مذاکرات کیے، جس کا مقصد تجارت، مصنوعات سازی، بحری شعبے اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو آگے بڑھانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے مصنوعی ذہانت AI، سیمی کنڈکٹرس، ماحول کے لیے سازگار توانائی اور دفاع سمیت اُبھرتے ہوئے شعبوں میں نئے موقعے بھی تلاش کیے۔

میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے دونوں ملکوں کے درمیان گہری اور وسیع ہوتی ہوئی سرگرمیوں کو بھی سراہا۔

S/B - F S Jaishankar

جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ Cho Hyun نے کہا کہ اُن کا ملک، دہشت گردی کے خلاف کافی سخت ہے اور اُس کا نظریہ کافی پختہ ہے۔ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے بارے میں انہوں نے کہا کہ جنوبی کوریا کسی بھی دہشت گردانہ حملے کے، سخت خلاف ہے۔×

## FS Nepal Visit

خارجہ سکریٹری وکرم مِسری، نیپال کے اپنے ہم منصب امرت بہادر رائے کی دعوت پر آج سے نیپال کے دو روزہ دورے پر ہوں گے۔

وزارت خارجہ کے مطابق، بھارت اور نیپال کے درمیان مضبوط و دوستانہ تعلقات ہیں جن میں حالیہ برسوں میں مختلف شعبوں میں تعاون میں خاطر خواہ پیش رفت دیکھی گئی ہے۔

وزارت نے کہا کہ بھارت پڑوس مقدم کی اپنی پالیسی کے تحت نیپال کے ساتھ اپنے تعلقات کو اعلیٰ ترجیح دیتا ہے۔

وزارت نے مزید کہا کہ خارجہ سکریٹری کا اس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے نظریات کے مسلسل تبادلوں کی روایت جاری رہے گی اور دو طرفہ تعلقات کو مزید فروغ حاصل ہونے کا موقع فراہم ہوگا۔x

## China FM Visit

چین کے وزیر خارجہ اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کے پولِٹ بیورو رکن Wang Yi کل بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلی پہنچیں گے۔

جناب Wang Yi قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کی دعوت پر بھارت آ رہے ہیں۔

دورے کے دوران چین کے وزیر خارجہ بھارت-چین سرحدی معاملے پر خصوصی نمائندوں کی بات چیت کے 24 ویں دور میں بھارت کے خصوصی نمائندے اجیت ڈوبھال سے بات چیت کریں گے۔

وزیر خارجہ ایس جے شنکر بھی چین کے اپنے ہم منصب Wang Yi کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کریں گے۔x

## Trump Zelansky

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یوکرین کو، روس کے ساتھ جنگ ختم کرنے کے لیے ایک معاہدہ کر لینا چاہیے، کیونکہ روس ایک بہت بڑی طاقت ہے، جبکہ یوکرین اتنی بڑی طاقت نہیں ہے۔

اِس سربراہ میٹنگ کے بعد جناب ٹرمپ نے ایک انٹرویو میں، یوکرین سے زور دے کر کہا کہ وہ حالات سے سمجھوتہ کرتے ہوئے ایک معاہدہ کر لے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کا رول یہ نہیں ہے کہ وہ یوکرین کی طرف سے ثالثی کریں، لیکن اُن کا کام یہ ہے کہ وہ فریقوں کو مذاکرات پر آمادہ کریں۔

S/B - Trump

صدر ٹرمپ نے، اپنے موقف میں ایک بڑی تبدیلی کرتے ہوئے کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان اِس بھیانک جنگ کو ختم کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ براہِ راست ایک امن معاہدہ کیا جائے، کیونکہ جنگ بندی اکثر دیر تک برقرار نہیں رہتی۔

اسی دوران یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ جنگ کو روکنے کے لیے اصل کام یہ ہے کہ ہلاکتوں کو روکا جائے۔ زیلنسکی، ٹرمپ سے واشنگٹن میں کل ملاقات کریں گے۔

اِس سربراہ میٹنگ کے بعد ٹرمپ کی رائے زنی سے اُن کے اِس موقف میں ایک حیرت انگیز تبدیلی نمایاں ہوتی ہے کہ جنگ کو کیسے ختم کیا جائے، کیونکہ انہوں نے اِس سے پہلے کہا تھا کہ وہ فوری طور پر جنگ بندی چاہتے ہیں۔

یوکرین کا اصل مطالبہ یہ رہا ہے کہ طویل مدّتی معاہدے سے متعلق کسی بات چیت سے پہلے، جنگ بندی کا، فوری طور پر معاہدہ ہو۔×

Putin Summit

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے الاسکا کے اپنے دورے کو بروقت اور بامقصد بتایا ہے۔ اس دورے میں انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کی۔

کریملِن میں اپنی کابینہ اور افسران کو جانکاری دیتے ہوے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوکرین تنازعے پر اس سربراہ میٹنگ میں بہت کھل کر اور جامع انداز میں بات کی گئی، جس کی وجہ سے روس، ایک فیصلے کے قریب پہنچ گیا ہے۔

پتن نے کہا کہ انہوں نے یوکرین جنگ کو جلد سے جلد ختم کرنے اور سبھی معاملات کو حل کرنے کی صدر ٹرمپ کی خواہش سے آگاہ کیا۔

روس کے رہنما نے دوطرفہ تعلقات میں ایک تبدیلی لانے اور تعاون کو دوبارہ شروع کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے جناب ٹرمپ کو ماسکو کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔×

Maha Rain

موسمیات کے علاقائی مرکز نے مہاراشٹر میں جمعرات تک شدید بارش کی وارننگ دی ہے۔ ہنگامی کارروائیوں سے متعلق ریاستی مرکز نے لوگوں کو تیز ہواؤں کے ساتھ شدید سے موسلا دھار بارش ہونے کے امکان کے پیش نظر احتیاط برتنے کے لیے کہا ہے:

V/C Prarthana

ممبئی اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں جمعہ سے اب تک مسلسل موسلا دھار بارش ہونے کے سبب معمول کی زندگی پر اثر پڑا ہے۔ بھارتیہ محکمہ موسمیات نے اورینج الرٹ جاری کیا ہے اور ممبئی شہر اور اس کے مضافات میں آج انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمہٴ موسمیات کے مطابق پورے کونکن ساحل میں آنے والے تین سے چار دن میں سمندر کی غیر سازگار صورتحال جاری رہے گی اور 50 سے 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا انڈیشہ ہے۔

ماہی گیروں کو سمندر میں نہ جانے کی صلاح دی گئی ہے۔ IMD نے پونے کے گھاٹوں کے لیے بھی ریڈ الرٹ اور ریاست کے 11 ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج مدھیہ مہاراشٹر، کونکن گووا اور تلنگانہ کے مختلف مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMDنے کل ساحلی کرناٹک کے بعض مقامات جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقے، مغربی مدھیہ پردیش اور گجرات بہت شدید بارش کے امکانات ظاہر کیے ہیں۔

موسمیات کے محکمے نے آئندہ دو دنوں کے دوران کرناٹک، تلنگانہ، تمل ناڈو، کیرالا، ماہے، ساحلی آندھرا پردیش اور یانم میں شدید سے بہت شدید کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے دلی NCR میں آئندہ دو سے تین دنوں تک ہلکی بارش کے امکانات ظاہر کیے ہیں۔x

Telangana Rain

تلنگانہ میں عادل آباد، Khammam اور منچریال اضلاع کے کئی نشیبی علاقے مسلسل شدید بارش کے سبب زیرآب آگئے ہیں۔ شدید بارش کی وجہ سے سڑکوں پر پانی بھر گیا ہے اور مختلف نشیبی علاقوں میں سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ ندی نالوں میں طغیانی کی وجہ سے گاؤں سے سڑک رابطے منقطع ہوگئے ہیں۔x

Badminton

بیڈمنٹن میں، بھارتی کھلاڑی تانیا ہیمنت نے ناردن ماریانا آئلینڈز میں گزشتہ روز سائپان انٹرنیشنل 2025 میں خواتین سنگلز کا خطاب اپنے نام کیا۔ عالمی درجہ بندی میں 86 ویں مقام پر موجود ٹاپ سیڈ تانیا نے فائنل میں جاپان کی کینائے سکائی کو پندرہ-دس، پندرہ-آٹھ سے ہرایا۔

اس سفر میں تانیا نے جاپان کی Rirna Hiramoto کو سیمی فائنل میں اور سنگا پور کی Lee Xin Yi Megan کو کوارٹر فائنل میں ہرایا۔ یہ اس سال تانیا کا پہلا عالمی چیلنج خطاب ہے۔x

## Squash BEGA Open

اسکواش میں، بھارت کی اناہت سنگھ آج آسٹریلیا میں منعقدہ بیگا اوپن کے فائنل میں مصر کی دوسرے نمبر کی کھلاڑی حبیبہ ہانی کا مقابلہ کریں گی۔ ٹاپ سیڈ اناہت سنگھ نے کل سیمی فائنل میں مصر کی نور خافگی کو تین-دو سے شکست دی۔

میچ کے دوران زخمی ہونے کے باوجود اناہت نے زبردست عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے خافگی کو ہرایا۔

اِس سے پہلے اناہت نے کوارٹر فائنل میں جنوبی افریقہ کی ہیلے وارڈ کو تین-صفر سے شکست دی تھی۔

18 ایونٹس میں 12 پی-ایس-اے خطاب کے ساتھ اناہت اسکواش میں ایک نمایاں کھلاڑی کے طور پر ابھر رہی ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حبیب الرحمان

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے مختلف اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے دہلی میں شاہراہوں کے افتتاح سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: وزیراعظم نریندر مودی آج رو ہنی علاقے میں تقریباً 11 ہزار کروڑ روپے کے دو بڑے قومی شاہراہوں کے پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے اور عوام سے خطاب کریں گے۔

کشتواڑ میں بادل پھٹنے کے بعد جاری ریسکیو آپریشن سے متعلق ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے بیان کو اخباروں نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے: وزیراعظم مودی کشتواڑ میں راحت رسانی کی خود نگرانی کر رہے ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسریس نے بھارت - جنوبی کوریا کے شراکت داری کے دس سال مکمل ہونے کے موقع پر وزیر خارجہ ایس شنکر کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ "بھارت- جنوبی کوریا کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندی پر لے جانے کا خواہشمند"۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: "بھارت نے الاسکا میں ہوئی ٹرمپ-پوتن مذاکرات میں پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ روس-یوکرین کے درمیان تنازعے کا حل صرف مذاکرات اور سفارت کاری سے ہی ممکن ہے۔

عالمی خبروں کے صفحے کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

_ دوسری جنگ عظیم میں انسانی جانوں کے نقصان پر افسوس ہے: جاپان

_ روس تیل کی خریداری پر چین کو سزا دینے کا کوئی ارادہ نہیں: ٹرمپ

_ خیبر پختونخواہ سیلاب میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 307 ہوئی۔

_ کینیڈا میں جنگل کی آگ بجھانے کے دوران ہیلی کاپٹر گر کرتباہ۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج قومی راجدھانی میں، شاہراہوں کے دو پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، جس پر 11 ہزار کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔

2- آج شام نئی دلّی میں، BJP کے پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ منعقد ہوگی۔ امید ہے کہ نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے لیے کسی امیدوار پر تبادلۂ خیال کیا جائے۔

3- بھارتی خلا نوَرد شبھانشو شکلا، بھارت واپس آگئے ہیں۔ دلّی ہوائی اڈّے پر اُن کا شاندار مقدم کیا گیا۔

4- بھارت کے، انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ انتخابی فہرستیں تیار کرنے میں انتہائی شفافیت برقرار رکھی گئی ہے۔ سیاسی پارٹیاں ہر مرحلے میں شامل رہی ہیں۔

5- بھارت کی، الیکٹرانکس کی برآمدات میں رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران 47 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، جو پچھلے سال کی اسی سہ ماہی کے مقابلے ہے۔

6- اور بیڈمنٹن میں، بھارت کی تانیا ہیمنت نے، شمالی Mariana جزائر میں Saipan انٹرنیشنل 2025 کا، خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------